صادق پروڈکشن کا تیار کردہ

माई बाप

مائی باپ

اداکاران

بلراج ساہنی۔ شیاما

جانی واکر

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

سٹوری

چندن گاؤں کا ٹوکری والا تھا۔ جوانی آنکھیں بچپن میں کھو چکا تھا۔ وہ ٹوکریاں بناتا جنہیں بسنتی اور اُسکی چھوٹی بہن لاڈو جو پڑوس ہی میں رہتی تھی۔ بازار جاکے بیچ آیا کرتی۔ بسنتی چندن سے پریم کرتی تھی۔ اس کا ایک اور یہ کارن بھی تھا کہ بسنتی ایک طرح سے اُنکی آنکھوں کیلئے ذمہ داری تھی۔ بچپن میں بسنتی کے انور دھو پر چندن آم توڑنے کیلئے ایک اُونچے آم پر چڑھا اور اُس پر سے گرنے کے کارن ہمیشہ کیلئے نیتر ہین ہو گیا۔
آگے پردۂ فلم پر دیکھیں...

مائی باپ کے گانے

گانا نمبر ۱

دل تو رضامند ہے پھر بھی زبان بند ہے
کیسے کہوں مجھکو میرا بالم پسند ہے
دل چپ رہ گیا ہولے ہولے ڈول کے
بھید سارا کھو دیا انکھیوں نے بول کے
نہ جانے کون گھڑی پیا تو سے آنکھ لڑی
بڑی مشکل پڑی دل تو رضامند ہے

آج نظر کہیں ایسی پھسلی
دوڑ گئی نس نس میں بجلی
نظروں کے تیر لاگے نئے ارمان جاگے
کہیں اب جی نہ لاگے

دل تو رضامند ہے

گانا نمبر ۱۲

لڑکی:۔ تو دل میرا توڑتا دے
انگریزی صاحب زادے۔ بھئی توبہ
لڑکا:۔ تو پہلے دل ہے دیتا
پھر اسکو واپس لیتا۔ تم ہو کیا
لڑکی:۔ میں ایک رنگیلی تتلی کبھی بیٹھوں نہ میں پگلی
نہیں ایک ٹھکانا میرا میں چمکوں جیسے بجلی
تو دل میرا......
لڑکا:۔ کبھی پیار کھڑے لہراتا کبھی پیار سے بھی گھبراتا
کبھی روٹھوں کبھی تو کمانا تیرا راز نہ ہم نے جانا
لڑکی:۔ تو دل میرا...
مجھے دیکھ نا یوں ہرجائی میری ٹوٹ گئی اکڑائی
میرا چھوڑ ظالم پیچھا تیرے پیار سے میں باز آئی
تو دل میرا...

گانا نمبر ۳

لڑکی :۔ گالوں پہ تیرے گوری رنگت نئی نئی ہے
ہیروئن :۔ اس کے جواب میں ہے چاہت نئی نئی ہے
لڑکی :۔ یہ بال کالے کالے خوشبو میں بسنے والے
کس کی تلاش میں ہیں یہ ناگ ڈسنے والے
ہیروئن :۔ جس دلربا کی آئی شامت نئی نئی ہے
لڑکی :۔ آنکھوں میں کیا نشہ ہے یہ راز تو بتا جا
بیمارِ عشق اپنا کچھ حال تو سنا جا
ہیروئن :۔ ہے درد تو پرانا حالت نئی نئی ہے
لڑکی :۔ یہ کس پہ ہو رہی نظروں سے مہربانی
کس کے لئے سنبھالی یہ پھول سی جوانی
ہیروئن :۔ جسکی نظر میں گوری الفت نئی نئی ہے
لڑکی :۔ یہ گاؤں والے تجھکو بدنام کر رہے ہیں
اور تجھ پہ عاشقی کا الزام دھر رہے ہیں
ہیروئن :۔ ہے یہ خطا پرانی تو ہم نئی نئی ہے

گانا نمبر ۴

دیکھو جی دیکھو میٹھی ادا سے
جلنے والے جلیں اپنی بلا سے
کہتی ہے ایک کہانی یہ آرزو دیوانی
کرتی ہے کچھ اشارے موسم کی یہ جوانی

دامن یہ بچا کے جائیے۔ راستے نا اب سُنائی
دیکھو جی ....
وعدے کئے توڑتا رہے۔ ارماں نہ کچھ نکالے
گذرا ہے اک زمانہ باہیں گلے میں ڈالے
دیکھو نا بھول جانا یہ دن ہیں جانیوالے
دیکھو جی ...
دُنیا کا ہمکو ڈر کیا۔ دیکھو اِدھر اُدھر کیا
ہم ہو چکے دیوانے اپنی ہمیں خبر کیا
ہو لو سوا تمہارے آئے ہمیں نظر کیا
دیکھو جی ....
گانا ۵
بھٹک گئی کس راہ نہ جانوں
پیار کی گلیاں نہ پہچانوں
میاں تجھے پاؤں کہاں جیا بہلاؤں کہاں
کھواب جاؤں کہاں دل تو رضامند ہے
کس سوتن سنگ لگی نظریا
بھٹک گیا کس راہ سنوریا
تیرا پتہ جو پاؤں بنا پنکھ اُڑ جاؤں
دُنیا سے چھین لاؤں دِل تو رضامند ہے

گمنام قلم

میں ہوں عطر جانی میں نے سب ملکوں کا پیا ہے پانی
ساری دنیا گھوم گھام کے بنا ہوں ہندوستانی
تم پوچھو گے کیوں میں ابھی بتاتا ہوں
میں ہوں جانی بڑا طوفانی
میں جانی بڑا طوفانی
ایک ملک کی سنو کہانی ملی وہاں ایک حسن کی رانی
جب تک تھا کلدار جیب میں
تب تک تھی ہر بات سہانی
ایک دن بولی سنو صنم
مال ہضم اور کھیل ختم
چلی گئی وہ مجھے چھوڑ کر دیکر ٹھنڈا پانی
میں ہوں....
دوجے ملک گیا میں یار ملگئی ایک بانکی سرکار
خوب ہوا پہلے تو پیار بعد میں مجھکو ہوا بخار
ایک دن بولی جانی یار ہم جانا تم ہے بیمار
ساتھ کسی کے بھاگ گئی وہ دیکر ٹھنڈا پانی
میں ہوں...
تیجے ملک کا دیکھو پول
ملگئی میم ٹماڈھول

دیکھ کے اُسکا پیارا مکھڑا ۔ میں تو ہوگیا ڈانوا ڈول
چوروں کی بھی وہ ساتھی نکلی
کر گئی میرا سبز گول
سارا مال اُٹھا کر لے گئی ۔ دیکھ ہٹنڈا پانی

میں ہوں ۔۔
جانی ہندوستان میں آیا
دیکھی چمپا دِل للچایا
جا کے مِلا اُسکی اماں سے
شادی کا پیغام لگایا
ہوگئی شادی مِلگئی چمپا
دس بچوں کا باپ کہایا
اُسکا سچا پیار دیکھکر بن گیا ہندوستانی

میں ہوں ۔۔
ختم شد

صنعت و حرفت کے خزینہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ یورپ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیا بنانیکے نسخے۔ صابون تیل۔ کریم۔ پاوڈر اور روزمرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنیکے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔

قیمت صرف ۱-۰-۱ ع محصولڈاک معاف

ٹیلر ماسٹر ٹیلرنگ کا کام سکھانیوالی سب سے بہتر اور نئی کتاب۔ جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کیگئی ہے۔ جدید فیشن ایبل کپڑوں مثلاً شرٹ۔ نیکر۔ کوٹ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب سے ہی ملیگا

قیمت صرف ۱-۰-۱ ع محصولڈاک معاف

نیو فیشن بک زنانے مردانے تقریباً ۲۰۰ ڈیزائن فوٹو بلاک سے آرٹ پیپر پر چھپوائے گئے ہیں۔ جسے دیکھکر گراہک من مانا کپڑا سلوا سکتا ہے۔ ہر دوکاندار کے پاس اسکا ہونا ضروری ہے۔

قیمت صرف ۔/۹/ عہ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الٰہ آباد پریس دہلی)